khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | khabraindigital

LOCAL

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ لاہور، اسلام آباد، ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، پشاور، سکھر اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونیوالا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

Thursday, May 1, 2025

جلد 34 | جمعرات 3 ذیقعد 1446ھ یکم مئی 2025ء 18 بیساکھ 2082 ب صفحات 10 قیمت 30 روپے | شمارہ 278

# عوام کے مسائل کو حل کروانے کیلئے کوشاں ہوں: افشاں صابر

## جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے

شیخوپورہ (محمد عظیم نوشاہی سے) ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ کی ہدایت پر عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے ان کے ہمراہ پرائیویٹ سیکرٹری افتخار احمد بھی موجود تھے ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے عوام کی آسان رسائی کیلئے لیسکو سٹی ڈویژن شیخوپورہ کے دفتر میں عدالت لگائی اس حوالہ سے ایس ای لیسکو سرکل شیخوپورہ ایکسین عمر بلال چوہدری نے ڈپٹی منیجر آپریشن سٹی ڈویژن عامر نواز اور ڈپٹی منیجر آپریشن رورل ڈویژن رضوان قریشی سمیت ایس ڈی اوز محمود علی اور ذوالفقار دیگر متعلقہ عملہ کو معاونت کی خصوصی ہدایت کی۔ ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر نے کہا کہ عوام کو انصاف کی فراہمی ان کی دہلیز تک پہنچانے کیلئے اور لوگوں کو پریشانی سے بچانے کیلئے 60 جنرل شکایات کو یہاں پر چیک کر رہے ہیں۔



ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ لاہور افشاں صابر، لیسکو سٹی ڈویژن شیخوپورہ کے دفتر میں عدالت لگا کر عوامی مسائل سن رہی ہیں۔

ABC CERTIFIED
سنٹرل پرونشل میڈیا لسٹڈ حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت Www.sadaehaq.com.pk

روزنامہ
# صدائے حق
Registration No 499 P. No DK-1
بانی محمد اصغر چوہدری
گروپ ایڈیٹر آصف کامران

جلد نمبر:24 | جمعہ 25 اپریل ،2025ء 26 شوال ،1145ھ، صفحات 4 | شمارہ نمبر254

# سائلین کی دادرسی ہماری اولین ترجیح ہے، سنگ مرجان خان

## وفاقی محتسب کے ریجنل ہیڈ / ریٹائرڈ چیف سیکرٹری سنگ مرجان خان محسود اور عمران خان سینئر انوسیگیشن آفیسر

## وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ڈپٹی کمشنر کمپلیکس آفس لکی مروت میں کھلی کچہری کا انعقاد

## کھلی کچہری کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں

## آئندہ غریب عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی

ڈیرہ اسماعیل خان (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب عوام کی عدالت ہے اور سائلین کی دادرسی ہماری اولین ترجیح ہے۔ سنگ مرجان خان محسود ۔وفاقی محتسب کے ریجنل ہیڈ / ریٹائرڈ چیف سیکرٹری سنگ مرجان خان محسود اور عمران خان سینئر انوسیگیشن آفیسر وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ڈپٹی کمشنر کمپلیکس آفس لکی مروت میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ انچارج وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع لکی مروت کا دورہ کیا اور وفاقی محکموں کے افسران کے ہمراہ 24 اپریل بروز جمعرات دن 10:00 بجے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس لکی مروت میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ جس میں لوگوں نے وفاقی محکموں خصوصا پیسکو واپڈا، BISP اور نادرہ کے کیخلاف شکایات کے انبار لگا دیے جس پر سنگ مرجان خان محسود نے متعلقہ محکموں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقع پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے پریس کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں خصوصا فاٹا میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اس کے علاوہ IRD پروگرام اور عوام کو ادارے کے متعلق آگاہ کیا اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کی کھلی کچہری کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئےکہا کہ آئندہ غریب عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اور انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب ادارہ مفت، آسان اور جلد انصاف فراہم کرتا ہے۔ شکایت کنندہ کو نہ کسی وکیل کی ضرورت ہے نہ سٹامپ پیپر کی نہ درخواست کی کوئی فیس وصول کی جاتی ہے۔ شکایت پر فیصلہ ایک ماہ کے اندر کیا جاتا ہے۔ بجلی، سوئی گیس، نادرا، پاسپورٹ، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ۔ یا کسی بھی وفاقی محکمہ کی بدانتظامی کے خلاف شکایت براہ راست یا بذریعہ ڈاک یا ان لائین یا موبائل ایپ کے ذریعے جمع کروا سکتے ہیں عوام نے کھلی کچہریاں منعقد کرنے پر وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔








www.tarjuman.com.pk
ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
لاہور اسلام آباد اور بھکر سے بیک وقت شائع ہونے والا عوامی ترجمان
Daily TARJUMAN
روزنامہ ترجمان
حق سچ کا
لاہور
ایڈیٹر انچیف: ڈاکٹر ناصر جمال
جلد نمبر 06 | جمعۃ المبارک 26 شوال 1446ھ 25 اپریل 2025 صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 331

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ائرپورٹ کا دورہ

## مسافروں کی شکایات سن کر موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں وفاقی محتسب کی یکجا سہولیاتی ڈیسک پر موجود تمام اداروں کو مزید فعال بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائرپورٹ کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز اسلام آباد ائرپورٹ بھیجی جس نے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کرکے ان کی شکایات سنیں، ائرپورٹ کی انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور بعض مسافروں کے مسائل موقع پر حل کرائے۔ٹیم نے ائرپورٹ پر نیشنل و انٹرنیشنل لاؤنجز، Area Luggage، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کرکے مسائل کا جائزہ لیا۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کئے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات شامل تھیں۔ ٹیم نے قبل ازیں اسلام آباد ائرپورٹ کے دورہ پر بھیجی گئی مختلف ٹیموں کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ٹیم نے گزشتہ دورہ کے دوران ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا سرچ ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے اور تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھانے کی ہدایات دی تھیں۔ٹیم کو بتایا گیا کہ ائرپورٹ انتظامیہ نے ان ہدایات پر عملدرآمد کر دیا ہے۔ٹیم نے ائرپورٹ پر ProtectorVisa Stamp کی سہولت کی موجودگی کے باوجود شکایات کا



نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ائرپورٹ پر اس سہولت کے ہوتے ہوئے شکایات کا کوئی جواز نہیں۔ٹیم نے فلائٹوں کی تعداد کے مطابق سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ ائرپورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کئے گئے ''یکجا سہولیاتی ڈیسک'' کا بھی معائنہ کیا۔

Follow us on: daily pak karachi

سنڌ جي مظلوم ۽ محڪوم عوام جي ترجمان

ABC CERTIFIED

روزاني پاڪ ڪراچي

website:www.dailypak.net

TM-Reg:465078

جلد:27 جمعو 25 اپريل 2025ع بمطابق 26 شوال المڪرم 1446ھ قيمت 20 رپيا شمارو:160

# وفاقي محتسب اسلام آباد ايئرپورٽ خلاف شڪايتن جو نوٽيس ورتو

## سينئر صلاحڪار جي سربراهي ۾ وفاقي محتسب جي آفيسرن تي مشتمل هڪ انسپيڪشن ٽيم جوڙي وئي

## انسپيڪشن ٽيم اسلام آباد ايئرپورٽ پهتي، مسافرن سان ملاقات ڪئي، انهن جون شڪايتون ٻڌيون

## ڪجهه مسافرن جا مسئلا موقعي تي ئي حل ڪيا ويا، ٽيم مسئلن جو جائزو وٺڻ لاءِ ايئرپورٽ تي سڀني شعبن جو جائزو پڻ ورتو

ڪراچي (رپورٽ امداد سومرو) وفاقي محتسب اعجاز احمد قريشي اسلام آباد ايئرپورٽ / ڏسو صفحو 3 بقايا 44



ڪراچي. اسلام ايئر پورٽ تي وفاقي محتسب جي ٽيم جائزو وٺي رهي آهي

خلاف شڪايتن جو نوٽيس وٺندي هڪ سينئر صلاحڪار جي سربراهي ۾ وفاقي محتسب جي آفيسرن تي مشتمل هڪ انسپيڪشن ٽيم اسلام آباد ايئرپورٽ ڏانهن موڪلي. دوري دوران انهن مسافرن سان ملاقاتون ڪيون ۽ انهن جون شڪايتون ٻڌيون. ايئرپورٽ انتظاميه کي انهن جي حل لاءِ موقعي تي هدايتون جاري ڪيون ۽ ڪجهه مسافرن جا مسئلا موقعي تي ئي حل ڪيا ويا. ٽيم مسئلن جو جائزو وٺڻ لاءِ ايئرپورٽ تي سڀني شعبن جو جائزو ورتو، جن ۾ نيشنل ۽ انٽرنيشنل لائونج، سامان جو علائقو، سي آءِ پي لائونج، اميگريشن ۽ ٻيا اهم چيڪنگ ڪائونٽر شامل آهن. پرڏيهه ويندڙ مسافرن جون گهڻيون شڪايتون اميگريشن ۽ ايف آءِ اي، اي ايس ايف، اي اين ايف ۽ ڪسٽم عملي پاران ٽيم سروي دوران ڪيا ۽ لاپرواهي سان لاڳاپيل هيون. جنهن ۾ پرڏيهه مان ايندڙ پاڪستانين جون شڪايتون سامان جي دير سان وصولي يا سامان جي گم ٿيڻ جون شڪايتون هيون. ٽيم اسلام آباد ايئرپورٽ جو دورو ڪرڻ لاءِ آيل ۽ موڪليل مختلف ٽيمن جي سفارشن تي عملدرآمد جو به جائزو ورتو. دوري دوران ٽيم هدايت ڪئي ته ايف آءِ اي، اي اين ايف، اي ايس ايف ۽ ڪسٽم جي ڪائونٽرن سڀ ڊيسڪ تي سي سي ٽي وي ڪئميرا نصب ڪيا وڃن ۽ مسافرن کي آگاهي ڏيڻ لاءِ سڀني ڪائونٽرن تي اردو ۽ انگريزي ۾ بل بورڊ لڳايا وڃن ۽ عوامي آگاهي لاءِ انهن کي ٽي وي اسڪرينن تي مسلسل ڏيکاريو وڃي. ٽيم کي ٻڌايو ويو ته ايئرپورٽ انتظاميه انهن هدايتن تي عمل ڪيو آهي. ٽيم ايئرپورٽ تي موجود پروٽوڪول اسٽيج سهولت جي دستيابي بابت شڪايتن جو نوٽيس ورتو ۽ انتظاميه کي هدايت ڪئي ته ايئرپورٽ تي هن سهولت جي دستيابي بابت شڪايتن جو ڪو به جواز ناهي. ٽيم پروازن جي تعداد مطابق سهولت ڪائونٽرن جو تعداد وڌائڻ ۽ ايئرپورٽ تي پوليو شاٽ جاري ڪرڻ لاءِ سهولتون فراهم ڪرڻ جي هدايت پڻ ڪئي. ٽيم وفاقي محتسب پاران پرڏيهه ۾ رهندڙ پاڪستانين جي سهولت لاءِ قائم ڪيل ”سهولت ريجنل ڊيسڪ“ جو به معائنو ڪيو ۽ اتي موجود 12 وفاقي ادارن جي عملدارن کان شڪايتن جي نوعيت بابت معلومات حاصل ڪري ڪئي علاوه شڪايت رجسٽر جو به معائنو ڪيو. وفاقي محتسب ٽيم کي گذريل دوري دوران هڪ شڪايت ملي هئي ته ايئرپورٽ تي ملوث ڪجهه ٽيڪسين جا ايجنٽ مسافرن کان غير ضروري رقم گهري رهيا آهن. ٽيم اهڙن ايجنٽن خلاف ڪارروائي پڻ ڪئي ۽ رپورٽ طلب ڪئي. ٽيم سڀني لاڳاپيل ادارن جي مقامي سربراهن کي هدايت ڪئي ته مسافرن خاص طور تي پرڏيهه ۾ رهندڙ پاڪستانين جي مسئلن کي حل ڪيو وڃي. ٽيم پنهنجي دوري جي تفصيلي رپورٽ وفاقي محتسب کي پيش ڪندي.

# فاقی محتسب آفس بہاولپور میں وفاقی اداروں کیخلاف شکایات کی سماعت

## سائلین کے مسائل کو فوری حل کروانے اور مناسب ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت

بہاول پور (کرائم رپورٹر) وفاقی محتسب غریبوں کی عدالت ہے، چوہدری خالد نذیر ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب آفس بہاولپور چوہدری خالد نذیر نے واپڈا کمپلیکس ایکسین آفس رحیم یار خان میں OCR پروگرام کے تحت مختلف وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف دائر کی گئی 70 شکایات کی سماعت کی، سائلین کے مسائل کو فوری حل کروانے اور مناسب ریلیف فراہم کرنے کیلئے متعلقہ وفاقی محکموں کے آفیسران نے شرکت کی۔ ایسوسی ایٹ ایڈوائزر نے وفاقی محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ لوگوں کے مسائل کو حل کروانے کی بھرپور کوشش کریں اور وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر کرنے والے آفیسران کے خلاف ایکشن لینا جلد ہی شروع کر رہے ہیں۔ تمام شکایات کو موقعہ پر ہی نمٹا دیا گیا۔ مجموعی طور پر میپکو کے صارفین کو ڈیٹیکشن بل کی مد میں تقریب 17 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا اور 13 ڈیفیکٹو میٹرز تبدیل کروا دیئے، رحیم یار خان کے علاقہ علامہ اقبال ٹاؤن کا گیس پریشر کی بحالی کے احکامات صادر کیے۔ جس پر شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا شکریہ ادا کیا جنکے احکامات سے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر چوہدری خالد نذیر نے رحیم یار خان کا دورہ کیا۔ مختلف وفاقی اداروں کے خلاف 15 نئی شکایات موصول ہوئیں۔

Government of Pakistan
Press Information Department
Quetta
Dated: 25 APR 2025 Page No: (3)
Publication: روزنامہ "مشرق" کوئٹہ

# وفاقی محتسب کا اسلام آباد ائیرپورٹ کا دورہ، مسافروں کی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت

مسافروں نے امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی من مانیوں آگاہ کیا

**سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھائے جائیں اور ائیرپورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کی جائے، اعجاز احمد قریشی کی حکام کو ہدایت**

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد ائیرپورٹ کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کے افسروں پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز اسلام آباد ائیرپورٹ بھیجی جس نے دورہ کے دوران مسافروں سے ملاقات کر کے ان کی شکایات سنیں، ائیرپورٹ کی انتظامیہ کو ان کے ازالہ کے لیے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں اور بعض مسافروں کے مسائل موقع پر حل کرائے۔ ٹیم نے ائیرپورٹ پر ڈومیسٹک و انٹرنیشنل لاؤنجز، Luggage Area، سی آئی پی لاؤنج، امیگریشن اور دیگر ایجنسیوں کے کاؤنٹرز سمیت تمام شعبہ جات کا دورہ کر کے مسائل کا جائزہ لیا۔ بیرون ملک جانے والے مسافروں کی زیادہ تر شکایات کا تعلق امیگریشن میں تاخیر، ایف آئی اے، اے ایس ایف، اے این ایف اور کسٹمز کے عملے کی طرف سے ناجائز تنگ کیے جانے اور عدم توجہی کے بارے میں تھیں جب کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانیوں کی شکایات میں سامان کا دیر سے ملنا یا سامان کی گمشدگی کی شکایات شامل تھیں۔ ٹیم نے قبل ازیں اسلام آباد ائیرپورٹ کے دورہ پر بھیجی گئی مختلف ٹیموں کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ ٹیم نے گزشتہ دورہ کے دوران ایف آئی اے، اے این ایف، اے ایس ایف اور کسٹمز کے یکجا سہولیاتی ڈیسکوں پر CCTV کیمرے لگانے اور تمام کاؤنٹرز پر مسافروں کی آگاہی کے لئے اردو اور انگریزی میں بل بورڈز لگانے اور عوامی آگاہی کے لئے انہیں ٹی وی اسکرین پر بھی مسلسل دکھانے کی ہدایات دی تھیں۔ ٹیم کو بتایا گیا کہ ائیرپورٹ انتظامیہ نے ان ہدایات پر عملدرآمد کر دیا ہے۔ ٹیم نے ائیرپورٹ پر StampProtectorVisa کی سہولت کی موجودگی کے باوجود شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ائیرپورٹ پر اس سہولت کے ہوتے ہوئے شکایات کا کوئی جواز نہیں۔ ٹیم نے فلائٹوں کی تعداد کے مطابق سہولیاتی کاؤنٹرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ ائیرپورٹ پر پولیو کارڈ کے اجراء کی سہولت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ ٹیم نے وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لئے قائم کیے گئے "یکجا سہولیاتی ڈیسک" کا بھی معائنہ کیا